سرمایہ کاروں کے لیے بینک الفلاح مندرجہ ذیل معلومات ایس ای سی پی کے احکامات کے تحت اُردو زبان میں پیش کر رہا ہے۔

(الف) معلومات برائے کمپنی۔

| | | |
|---|---|---|
| i) | ویژن ، مشن اور جائز کاروباری سرگرمیاں | |
| | ویژن:<br>لوگوں کو اپنی زندگی اور کاروبار میں ترقی کے لیے انکی فکری صلاحیت میں اضافہ اور حوصلہ افزائی کرنا۔<br>مشن:<br>ہم مارکیٹ کو جدید زاویہ نگاہ سے دیکھتے ہیں تاکہ ترقی کے لیے نئے مواقع پیدا ہوسکیں اور ہمارے کسٹمرز مالیاتی دنیا میں کامیابی کے نئے راستے پر گامزن ہوسکیں۔ | |
| | بینک الفلاح اپنی وسیع پروڈکٹ رینج کی بدولت کنزیومر، کارپوریشن، انسٹیٹیوشنز اور سرکاری اداروں کو مالی سہولیات فراہم کرتا ہے جس میں کارپوریٹ اینڈ انویسٹمنٹ بینکنگ، کنزیومر بینکنگ، کمرشل بینکنگ، ایس ایم ای (SME)، ایگری فنانس، اسلامک اور ایسٹ (Asset) فنانسنگ شامل ہیں۔ | |
| ii) | کمپنی کی حیثیت | پبلک لمیٹڈ اور لسٹڈ کمپنی |
| iii) | کمپنی کا رجسٹریشن نمبر | 0027580 |
| iv) | قومی ٹیکس نمبر | 0698202-6 |
| v) | رجسٹرڈ دفتری پتہ، ہیڈ آفس | بی اے ، بلڈنگ ، آئی ، آئی چندریگر روڈ، پی ،او بکس 6773، کراچی 74000۔ |
| vi) | ٹیلی فون نمبر: | 32414030-10<br>یو اے این: 786-777-111 (21) 92+<br>فیکس: 35319818- (21) 92+<br>3246127- (21) 92+ |
| vii) | دیگر برانچ دفاتر | مندرجہ ذیل لنک چیک کریں۔<br>http://www.bankalfalah.com/branch-atm-locator/ |
| viii) | ای میل ایڈریس: | contactus@bankalfalah.com |

**ہز ہائی نس شیخ نہیان مبارك النہیان ۔چیئر مین**

ہز ہائی نس شیخ نہیان مبارك النہیان ،متحدہ عرب امارات ،ابو ظہبی کے حکمران خاندان کی ایک ممتازشخصیت ہیں۔آپ اس وقت متحدہ عرب امارات کی کابینہ کے رکن ہیں اور وزیر برائے رواداری اور بقائے باہمی کے عہدے پر اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔اس سے قبل آپ نے وزیربرائے ثقافت ، علم کے فروغ ، نوجوانوں، سماجی ترقی،اعلیٰ تعلیم اور جدید تحقیق کے میدان میں نمایاں کردار ادا کیا ہے ۔ ہز ہائی نس شیخ نہیان مبارك النہیان نے بطور وزیر تعلیمی شعبوں میں جدید ترقی کے علاوہ ہمیشہ تعلیم کے ذریعے ترقی اور پیش رفت پر زور دیا ہے۔ مختلف بورڈز اور ٹرسٹیز میں چیئرمین اور ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں۔آپ کئی مقامی اور غیر ملکی تنظیموں کے سرپرست بھی ہیں۔آپ کے بالواسطہ اور بلا واسطہ کاروباری مفادات وسیع پیمانے پر صنعتی شعبوں پر محیط ہیں،جن میں بینکاری، ٹیلی کام ، انشورنس، ہاسپٹالیٹی، صحت عامہ ، تعمیرات اور سرمایہ کاری کے انتظام جیسے شعبے شامل ہیں جو پاکستان، یو اے ای، مشرق وسطیٰ، یورپ، اور امریکہ تک پھیلے ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ بہت سی فلاحی تنظیموں کی حمایت کرتے ہیں اور خصوصی بچوں کے لیے مستقبل بحالی مرکز کے اعزازی صدر کی حیثیت سے خصوصی توجہ دیتے ہیں۔آپ ابو ظہبی فیوچر ری ہیبہیلٹشن سینٹر(جسے پہلے فیوچرسینٹر فار اسپیشل نیڈز)کے نام سے جانا جاتا تھا اس کے اعزازی صدر کی حیثیت سے فرائض بھی انجام دے چکے ہیں۔شیخ نہیان مبارك آل نہیان کو 2005 میں پاکستان کی اقتصادی ترقی میں ان کے تعاون کے اعتراف میں پاکستان کا اعلیٰ سول ایوارڈ "ہلالِ پاکستان" عطا کیا گیا۔ہز ہائی نس شیخ نہیان مبارك النہیان نے اپنی ابتدائی تعلیم برطانوی تعلمی ادارے مل فیلڈ اسکول کے حاصل کی اور ثانوی تعلیم کے حصول کے بعدآکسفورڈیونیورسٹی برطانیہ کے میگڈیلن کالج میں داخلہ لیا۔

**عبداللہ ناصر حویلیل المنصوری۔ڈائریکٹر**

عبداللہ ناصر حویلیل المنصوری ابو ظہبی، متحدہ عرب امارات کی ایک نمایاں کاروباری شخصیت ہیں۔ آپ اس وقت الناصر ہولڈنگز اور گروپ کمپنیوں کے چیئرمین ہیں، جو مختلف شعبوں میں کاروبار کرتی ہیں جیسے کہ آئل فیلڈ سروسز، ریٹیلنگ، سرمایہ کاری، مینوفیکچرنگ انڈسٹریز، رئیل اسٹیٹ، اور فوڈ اینڈ بیوریج شامل ہیں۔جناب المنصوری نے متحدہ عرب امارات کی فیڈرل نیشنل کونسل کے رکن کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں،ابوظہبی ایگزیکٹو کونسل کے رکن رہے اور ابوظہبی کونسل برائے اقتصادی ترقی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔اس کے علاوہ، انہوں نے مشرق بینک، یونائیٹڈ عرب بینک اور دبئی اسلامک بینک کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے بورڈ میں خدمات انجام دیں ہیں۔ عبداللہ ناصر حویلیل المنصوری نے سوینسی یونیورسٹی، برطانیہ سے الیکٹریکل انجینئرنگ میں بی۔ ایس۔ سی (آنرز) کی ڈگری حاصل کی۔

**جناب ایفسٹراشئس جیورجیئس آراپوگلو،ڈائریکٹر**

جناب ایفسٹراشئس جیورجیئس آراپوگلوEFG ہولڈنگ میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے نان ایگزیکٹو ممبر ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز بین الاقوامی کیپیٹل مارکیٹس، کارپوریٹ اور انویسٹمنٹ بینکنگ کے شعبوں سے کیا، جہاں

ان زیادہ تر مصروفیات لندن میں رہیں۔ بعد ازاں، انہوں نے جنوب مشرقی یورپ اور مشرق وسطیٰ کے مالیاتی اداروں اور کارپوریشنز کی انتظام کاری، تنظیم نو، اور مشاورت میں اہم کردار ادا کیا۔جناب ایفسٹراشئس جیورجیئس آراپوگلو کی حالیہ ایگزیکٹو ذمہ داریوں میں گلوبل ہیڈ آف دی بینکس اینڈ سیکیورٹیز انڈسٹری برائے Citigroup مینیجنگ ڈائریکٹر کے فرائض، نیشنل بینک آف گریس کے چیئرمین اور سی ای او کی ذمہ داریاں شامل ہیں نیز 2010 سے 2013 تک EFG ہولڈنگ میں مشرق وسطیٰ اور افریقہ کے لیے کمرشل بینکنگ کے سی ای او کے طور پر خدمات انجام دی ہیں۔انہوں نے یورپ، مشرق وسطیٰ اور افریقہ میں کئی پبلک لسٹڈ کمپنیوں کے بورڈز پر خدمات انجام دی ہیں، نیز وہ تعلیمی فاؤنڈیشنز کے بورڈز پر بھی کام کر چکے ہیں، جن میں فرینکفرٹ میں انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ کلچر افیئرز کے چیئرمین کے طور پر خدمات بھی شامل ہیں۔جناب ایفسٹراشئس جیورجیئس آراپوگلوEFG بورڈ ممبر کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں اورآپ فی الوقت درج ذیل غیر ایگزیکٹو بورڈ پوزیشنز پر خدمات انجام دے رہے ہیں جن میں لندن اسٹاک ایکسچینج (LSE) میں لسٹڈ بینک آف سائپرس گروپ کے چیئرمین کی ذمہ داریاں، نیویارک اسٹاک ایکسچینج (NYSE) میں لسٹڈ ٹاکوس انرجی نیویگیشن (TEN) کے چیئرمین کا عہدے کی ذمہ داریاں‌اور ایف جی ہولڈنگ SAE کے بورڈ میں شامل ہونے کے علاوہ قاہرہ اسٹاک ایکسچینج اور LSE میں لسٹ کی گئی کمپنیوں میں بھی شامل ہیں جہاں انہون نے اہم رول ادا کیا ہے۔جناب ایفسٹراشئس جیورجیئس آراپوگلو ، ٹفٹس یونیورسٹی (بوسٹن، میساچوسٹس) کے انٹرنیشنل ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین کے طور پر بھی مصروف عمل رہے اور ایتھنس یونیورسٹی آف اکنامکس اینڈ بزنس کے انٹرنیشنل ایم بی اے پروگرام کے لیے بزنس ایڈوائزری کونسل کے رکن بھی رہے ہیں۔جناب ایفسٹراشئس جیورجیئس آراپوگلو نے یونانی اور برطانوی یونیورسٹیوں سے ریاضی، انجینئرنگ اور مینیجمنٹ میں ڈگریاں حاصل کی ہیں ۔

**خالد مانا سعید العتیبہ،ڈائریکٹر**

خالد مانا سعید الا وتیبہ (صدر متحدہ عرب امارات کے ذاتی مشیر) کے دفتر کے مینیجر ہیں۔ اس کے علاوہ وہ العتیبہ گروپ آف کمپنیز کے نائب چیئرمین بھی ہیں۔ خالد مانا سعید العتیبہ، الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ پاکستان اور ای ایف جی ہرمیس ہولڈنگ، ایس اے ای کے ڈائریکٹر بھی ہیں۔ وہ لیوا انٹرنیشنل انویسٹمنٹ ٹورازم اور رائل مائیریج ہوٹل اینڈ ریزورٹ لمیٹڈ، مراکش کے چیئرمین ہونے کے ساتھ Ghantout انٹرنیشنل کے ڈائریکٹربھی ہیں۔ خالد مانا سعید العتیبہ نے Suffolk یونیورسٹی آف میساچوسٹس، بوسٹن، امریکہ سے انٹرنیشنل اکنامکس میں بیچلر آف آرٹس اینڈ سائنس کی ڈگری حاصل کی ہے۔

**ڈ اکٹرعائشہ خان ۔ڈائریکٹر**

ڈاکٹرعائشہ خان کا شمار ان ماہر شخصیات میں ہوتا ہے جو اُبھرتی ہوئی مارکیٹوں میں کارپوریٹ اسٹریٹیجی اور ادارے کی ترقی کے حوالے سے اپنے تجربات رکھتی ہیں۔ آپ اس وقت عالمی سطح پر اثر رکھنے والی سرمایہ کاری فنڈ کمپنی ایکیومن ، پاکستان کی سی ای او اور ریجنل مینیجنگ ڈائریکٹر ہیں ۔ڈاکٹرعائشہ خان کی توجہ خاص طور پر

ماحولیاتی مالیات اور زرعی ویلیو چین میں سرمایہ کاری پر مرکوز ہے۔ڈاکٹرعائشہ خان، فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ کے بورڈ کی ایک آزاد ڈائریکٹر ہیں اور اس سے پہلے وہ ایچ بی ایل میں اسٹریٹیجی اور کارپوریٹ پلاننگ کی سربراہ رہ چکی ہیں۔ڈاکٹرعائشہ خان بینک میں اس عہدے پر فائز ہونے والی پہلی شخصیت تھیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے نیویارك میں میکنزی اینڈ کمپنی کے ساتھ مینجمنٹ کنسلٹنٹ کے طور پربھی خدمات انجام دیں، جہاں ان کی تمام تر توجہ مالیاتی شعبہ پر مرکوز تھی۔ ڈاکٹرعائشہ خان نے ہارورڈ یونیورسٹی میں معاشیات پڑھائی اور مختلف اہم منصوبوں کے لیے مشاورت فراہم کی۔ڈاکٹرعائشہ خان نے اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (UNDP) کے ساتھ مل کر ملینیئم ڈویلپمنٹ پروجیکٹ پر بھی کام کیا ہے۔آپ نے ڈاکٹریٹ کی تعلیم ہارورڈ بزنس اسکول سے حاصل کی۔ کارپوریٹ اسٹریٹجی، ادارہ جاتی ترقی اور ابھرتی ہوئی مارکیٹس پر تحقیق کی۔ ڈاکٹریٹ کی تعلیم کے حوالے سے ان کی تحقیق کا مرکز بینکنگ سیکٹر میں صارفین کے مالیاتی فیصلوں کا انتخاب تھا۔اس کے علاوہ، ڈاکٹرعائشہ خان نے ہارورڈ بزنس اسکول کے کیس اسٹڈیز تحریر کیے اور کئی مقالات بھی شائع ہوئے، جو کاروبار کو کامیاب بنانے کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں‌ہیں۔ڈاکٹرعائشہ خان کے یہ مقالات مختلف اشاعتی اداروں میں شائع ہوئے، جن میں ہارورڈ بزنس ریویو اور ہارورڈ لا اسکول ILSP شامل ہیں۔ ڈاکٹر عائشہ خان ہارورڈ کینیڈی اسکول سے بین الاقوامی ڈیولیپمنٹ میں ماسٹر ڈگری کی حامل ہیں اورپرنسٹن یونیورسٹی سے معاشیات میں انڈرگریجویٹ ڈگری بھی حاصل کی ہے۔

**ڈاکٹر جیوری ٹامس لیڈکس۔ڈائریکٹر**

ڈاکٹر جیوری ٹامس لیڈکس ایک تجربہ کار مالیاتی خدمات کے ماہر ہیں جو فنانشل سروسز انڈسٹری ،فارمولیٹنگ ،ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن میں 30 سال سے زیادہ کا تجربہ رکھتے ہیں۔ڈاکٹر جیوری ٹامس لیڈکس کا اصل فوکس اورتجربہ ڈیجیٹل بینکنگ، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن، فن ٹیک کے ساتھ اشتراك، جدت، اور کاروباری حکمت عملی کی تشکیل پر رہا ہے۔ وہ کاروباری مسائل کے لیے عملی حل فراہم کرنے، معلوماتی ٹیکنالوجی کے استعمال اور کاروباری عمل کی حکمت عملی کی تشکیل میں مہارت رکھتے ہیں۔ڈاکٹر جیوری ٹامس لیڈکس ایک تجربہ کار مالی خدمات کے ماہر ہیں جن کے پاس دنیا بھر میں مالی خدمات کی صنعت میں 30 سال سے زائد کا تجربہ ہے۔ڈاکٹر جیوری ٹامس لیڈکس کا خاص میدان ڈیجیٹل بینکنگ، ڈیجیٹل تبدیلی، فن ٹیک کی ہم آہنگی، اختراع اور کاروباری حکمت عملی کے حوالے سے ہے۔ انہوں نے مختلف جغرافیائی خطوں جن میں متحدہ عرب امارات، مصر، افریقہ، بھارت، پاکستان، وسطی یورپ، روس، سنگاپور اور برونائی میں وسیع تجربہ حاصل کیا ہے۔فی الحال، وہ سلورلیک سمٹری کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ جبکہ اس سے قبل آپ نے برونائی دارالسلام کے بینک اسلام کے چیف آپریٹنگ آفیسر، فجر کیپٹل کے انٹرنیشنل ڈائریکٹر، بارکلیز بینک میں چیف ٹیکنالوجی آفیسر ،ابھرتی ہوئی مارکیٹس،ریجنل ٹیکنالوجی آفیسر دبئی،چیف آپریٹنگ آفیسر،پراگو، سٹی بینک سنٹرل یورپ کلسٹر، ہیڈ آف سٹی بینک ہنگری ، بوڈا پیسٹ وغیرہ میں مختلف اہم عہدوں پر فرائض انجام دے چکے ہیں۔ ڈاکٹر جیوری ٹامس لیڈکس نے اکنامکس میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری اور الیکٹریکل انجینئرنگ اور انفارمیٹکس

میں ماسٹر کی ڈگری بوڈا پیسٹ یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی اینڈ اکنامکس سے حاصل کی ہے۔

**جناب خالد قریشی ،ڈائریکٹر**

جناب خالد قریشی ایک ریٹائرڈ بینکار ہیں جوبین الاقوامی بینکنگ کا قابل ذکر تجربہ رکھتے ہیں۔آپ کو نمایاں یو ایس انٹر نیشل بینک کے ساتھ38 سال تک کام کرنے کا اعزاز حاصل ہے جہاں آپ نے کارپوریٹ کے شعبے میں رسک منیجنٹ ،منافع کے مرکز اور فرنچائز منیجمنٹ کے حوالے سے اپنی مہارت اور تجربے کے ساتھ خدمات انجام دیں۔اس کے ساتھ ساتھ آپ نے مشرق وسطیٰ،افریقہ اور ترکی میں معاشی سرگرمیوں کے لیے رسک منیجمنٹ کی ذمہ داریاں سنھبالیں اور ادارہ جاتی پالیسوں اور حکمت عملی مرتب کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔اس سے قبل جناب خالد قریشی نے سینئر رسک آفیسر کی ذمہ داریاں سنبھالنے سے پہلے بڑے ممالک،مشرق وسطیٰ اور افریقہ میں فرنچائز کا انتظام کیا،جہاں پورٹ فولیو میں بڑے کارپوریٹ ادارے، حکومتیں، مالیاتی ادارے ، اسمال میڈیم انٹر پرائزز اور پی ای کمپنیاں شامل تھیں۔جناب خالد قریشی نے بینک الفلاح کے بورڈ آف ڈائریکٹر میں مئی 2015 سے فروری 2018 تک اپنی خدمات پیش کیں۔اس کے علاوہ آپ بورڈ ممبر TMB پاکستان ، NMB بینک زمبابوے، سٹی بینک نائجیریا،وائس چیئر مین،سٹی انٹرنیشنل اسلامک بینک۔بحرین اور حبیب بینک پاکستان کے مشیر بھی رہے ہیں۔فی الوقت آپ سعودی عرب کی سدرہ کیپٹل کی انوسٹمنٹ کمپنی میں بطور ممبر اپنی خدمات پیش کر رہے ہیں۔آپ کراچی یونیورسٹی سے بزنس ایڈمنسٹریشن میں آئی بی اے ڈگری کے حامل ہیں۔

**ج ناب عاطف اسلم باجوہ،ڈائریکٹر / صدر اور سی ای او**

جناب عاطف اسلم باجوہ بینکاری کے میدان میں بین الاقوامی سطح پر 40 سال سے زیادہ کا تجربہ رکھتے ہیں۔آپ نے اس شعبے میں قائدانہ کردار ادا کرتے ہوئے مختلف بورڈز اور مفاد عامہ سے وابستہ عہدوں پر کام کیا ہے۔

جناب عاطف اسلم باجوہ نے1982 میں سٹی بینک سے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کیا اور اس کے بعد کئی مقامی اور بین الاقوامی بینکوں میں اعلیٰ کلیدی عہدوں پر فائز رہے ہیں۔جناب باجوہ بینک الفلاح کے صدر اور سی ای او، ایم سی بی بینک اور سونیری بینک کے صدد اور سی ای او بھی رہ چکے ہیں۔اس کے علاوہ آپ نے سٹی گروپ کے سوطی اور مشرقی یورپ کے ریجنل ہیڈ،اے بی این ایمرو کے ایشیا پیسفک خطے کے ہیڈ آف کنزیومر بینکنگ اور اے بی این ایمرو پاکستان کے کنٹری منیجر کے عہدوں پر بھی خدمات انجام دی ہیں۔

جناب عاطف اسلم باجوہکاروباری، سماجی اور عوامی دلچسپی کے شعبوں میں سرگرم عمل رہے ہیں اورآپ نے سماجی شعبوں میں مثبت تبدیلیاں لانے کے لیے اہم اداروں کی قیادت کی ہے اس حوالے سے آپ پاکستان بزنس کونسل (PBC) کے چیئرمین اور اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (OICCI) کے صدر رہ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ، انہوں نے مختلف نجی اور سرکاری کمپنیوں کے بورڈز میں ڈائریکٹر کے طور پر بھی خدمات انجام دی ہیں۔جناب عاطف اسلم باجوہ نے اپنی تعلیم کولمبیا یونیورسٹی،نیو یارك سے حاصل کی ہے۔

### *عبداللہ خلیل المتا وی، ڈائریکٹر*

*عبداللہ خلیل المتا وی* محترم شیخ سرور بن محمد النہیان کے جنرل منیجر ہیں اور مخازن انویسٹمنٹ پی جے ایس سی کے چیئرمین بھی ہیں جو ابوظہبی میں ایک نجی مشترکہ اسٹاک کمپنی ہے۔ عبداللہ خلیل المتا وی مصر میں ای ایف جی ہرمز کے بورڈ کے غیر ایگزیکٹو رکن بھی ہیں۔ انہوں نے یونیورسٹی آف نارتھ کیرولینا، امریکہ سے بزنس ایڈمنسٹریشن میں بیچلر آف سائنس کی ڈگری حاصل کی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| (ii) | کمپنی کے آڈیٹرز کا نام | اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاونٹنٹس |
| (iii) | لیگل ایڈوائزر کا نام | مانڈو یوالا اینڈ ظفر (ایڈوکیٹ اینڈ لیگل کنسلٹنٹس) |
| (ج) | انویسٹر ریلیشن:<br>حصص یافتگان معلومات اور شکایات کے لیے مجاز بینک آفیسر سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ | جناب حسنین اطہر<br>سینئر مینجر کمپنی سیکریٹریٹ ۔ بینک الفلاح لمیٹڈ<br>لیگل افیئرز ڈویژن ، 3rd فلور ، B.A بلڈنگ ، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی۔<br>فون نمبر: 111-777-786 ایکسٹینشن: 2668،<br>فیکس: 021-32413945 ۔<br>ای میل: hasnain.athar@bankalfalah.com |
| | ویب لنک برائے SECP / شعبہ برائے انویسٹر شکایات | ویب سائیٹ:<br>http://www.secp.gov.pk/ComplaintForm1.asp);<br>اگر آپ کی شکایات کا ازالہ نہیں ہوا تو آپ اپنی شکایت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے پاس درج کروا سکتے ہیں۔ SECP صرف ان شکایات کو سنے گا جو پہلے کمپنی کے پاس درج کی گئی ہوں اور کمپنی ان کا ازالہ کرنے میں ناکام رہی ہو ۔ مزید یہ کہ وہ شکایات جو SECP کے دائرہ کار میں نہیں آتیں ان پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔ |
| | نوٹس برائے جنرل میٹنگز : | https://www.bankalfalah.com/election-of-directors |
| (د) | انتخابات برائے ڈائریکٹر | بینک کے موجودہ ڈائریکٹرز 27 مئی 2024 کو تین سال کی مدت کے لیے منتخب ہوئے ہیں۔ |
| (ہ)<br>(i) | انویسٹرز کی معلومات کے لیے مالیاتی رپورٹس کے لیے دیئے گئے ویب لنک پر کلک کیجئے۔ | موجودہ اور پچھلے دو سال کے سالانہ مالیاتی گوشوارے:<br>http://www.bankalfalah.com/financial-reports/<br>پانچ سالہ مالیاتی کارکردگی کا خلاصہ:<br>http:/www.bankalfalah.com/investor-information/financial-highlights/<br>موجودہ اور پچھلی تین سہ ماہیوں کے عبوری مالیاتی حسابات:<br>http://www.bankalfalah.com/financial-reports/ |
| (ii) | شیئر رجسٹرار: | ایف ڈی رجسٹرار سروس (SMC) پرائیویٹ لمیٹڈ۔<br>1705، 17th فلور ، صائمہ ٹریڈ ٹاور اے ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000۔<br>فون نمبر: 92-21-35478192-3, 32271906۔<br>فیکس: 92-21-32621233۔<br>ای میل: fdregistrar@yahoo.com<br>fdregistrar@hotmail.com |